KATHY HOCHUL گورنر | فوری ریلیز کے لیے: 2023/23/1

گورنر HOCHUL کا NY فارورڈ پروگرام کے پہلے راؤنڈ میں کیپ ونسنٹ، لیونز فالز اور ویڈنگٹن کے نارتھ کنٹری کے فاتحین کے طور پر اعلان

کیپ ونسنٹ گاؤں کو 4.5$ ملین ڈالر ملیں گے؛ لیونز فالز اور وڈنگٹن گاؤں میں سے ہر ایک کو 2.25$ ملین موصول ہوں گے

نیویارک کی چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے لیے مزید منصفانہ ڈاؤن ٹاؤن بحالی میں معاونت دینے کے لیے 100$ ملین کا نیا NY فاروڈ پروگرام کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی رفتار کو بڑھاتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ NY فارورڈ کے پہلے راؤنڈ میں نارتھ کنٹری خطے کے فاتحین کے طور پر ویلیج آف کیپ ونسنٹ کو 4.5$ ملین ڈالر اور لیونز فالز اور وڈنگٹن گاؤں میں سے ہر ایک کو 2.25$ ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ ریاست کے کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کی رفتار پر استوار، 100$ ملین NY فارورڈ پروگرام نیویارک کی چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے لیے مزید منصفانہ ڈاؤن ٹاؤن بحالی کی حمایت کرنے کے لیے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام (Downtown Revitalization Initiative, DRI) کی طرح "پہلے منصوبہ بندی پھر عمل کی" حکمت عملی اپناتا ہے۔ NY فارورڈ راؤنڈ ون کے ایک حصے کے طور پر، ریاست کے دس اقتصادی ترقیاتی خطوں میں سے ہر ایک میں چھوٹے علاقوں کو دو سے تین تفویضات کی جائیں گی تاکہ ان کے اندرون شہر کے احیائے نو کے منصوبوں کے ترقیاتی کام اور نفاذ میں مدد دی جائے۔

گورنر Hochul نے کہا، "میری انتظامیہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے کہ نیو یارک کے تمام علاقے پروان چڑھیں، اور اس طرح کی تزویراتی سرمایہ کاری چھوٹے اور دیہی علاقوں کو اپنی مکمل صلاحیتوں تک پہنچنے میں مدد دے گی۔ ہم یہ دیکھ کر بہت پُرجوش ہیں کہ یہ فنڈز کیپ ونسنٹ، لیونز فالز اور وڈنگٹن کی طرف جاتے ہیں، اور ایسے منصوبے شروع کرنے کے منتظر ہیں جو ان کے شہر کو مضبوط کریں گے"۔

[NY فارورڈ](#) ریاست کی اقتصادی ترقی کی کوششوں کا ایک مرکزی جزو ہے، جو نیو یارک کے مرکزی شہروں کے احیاء کو تیز کرنے اور پھیلانے کے لیے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام (Downtown Revitalization Initiative, DRI) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ NY فارورڈ کا ایک تاریخی کردار ہے کہ وہ چھوٹی کمیونٹیز کی خدمت کرکے انہیں ایسی بڑی، زیادہ شہری مرکزی کاروباری ڈسٹرکٹس سے ممتاز کرتا ہے جنہیں عموماً DRI کے ذریعہ مالی اعانت ملتی ہے۔ NY فارورڈ کمیونٹیز راہگیری قابلیت رسائی کے حامل، کم گنجان علاقے ہیں جو فوری طور پر مقامی کمیونٹی کی خدمت کرتے ہیں، اور فطری لحاظ سے زیادہ مقامی ہیں، فوری طور پر گردونواح کے رہائشی یا دیہی زرعی مرکوز ترقیاتی کاموں پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

DRI کی طرح، ہر NY فارورڈ کمیونٹی ایک اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرے گی تاکہ آسانی سے قابل عمل پروجیکٹس کی ایک سلیٹ کے ذریعے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کو دوبارہ زندہ کیا جا سکے۔ ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ چھوٹے علاقوں کی بہتر مدد کے لیے بہتر تکنیکی مدد فراہم کرے گا اور ہر علاقے کے حجم کے مطابق مناسب طریقے سے منصوبوں کو فنڈ فراہم کرے گا۔ منصوبوں میں عمارت کی تزئین و آرائش اور تعمیرِ نو، نئی یا بہتر کردہ عوامی

جگہوں کی نئی تعمیر یا تخلیق اور دیگر منصوبے شامل ہو سکتے ہیں جو مخصوص ثقافتی، تاریخی خصوصیات اجاگر کرتے ہیں۔

کیپ ونسنٹ
دی ولیج آف کیپ ونسنٹ ایک چھوٹا قصبہ، دیہی علاقہ ہے جس میں منفرد قدرتی، تاریخی اور قدرتی وسائل ہیں۔ کیپ ونسنٹ کا مرکز ایک تجارتی اور رہائشی علاقہ ہے۔ ایک ویلیج گرین جہاں کنسرٹ اور دیگر سرگرمیاں ہوتی ہیں شہر کے مرکز میں واقع ہے، اور دریائے سینٹ لارنس شہر کے مرکزی راستے کے متوازی بہتا ہے۔ گاؤں کے اندر بہت ساری نجی اور سرکاری سرمایہ کاری جاری ہے، جس سے احیاء کی اضافی کوششوں میں رفتار پیدا ہو رہی ہے، اور گاؤں ہم آہنگ رہائشی اور چھوٹے کاروبار کی ترقی کو فروغ دے کر مقامی معیشت کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ رہنے کے لیے ایک مطلوبہ جگہ بنانے کے لیے ضروری خصوصیات کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہے۔ احیاء کے اپنے نصب العین کو پورا کرنے کے لیے، کیپ ونسنٹ محفوظ سڑکیں بنانے اور علاقے کے لیے داخلی راستوں کو بڑھانے، داخلے کی بین الاقوامی بندرگاہ کو بہتر بنانے، مخلوط استعمال اور کثیر منزلہ عمارات کو تیار کرنے اور واٹر فرنٹ سے رابطے کو بہتر بنانے کی کوشش کرتا ہے۔

لیونز فالز
لیونز فالز گاؤں موز اور بلیک ریور کے سنگم پر واقع ہے اور 70 فٹ آبشار پر واقع ہے۔ لیونز فالز پلپ اینڈ پیپر مل کی بندش کے ساتھ گاؤں میں گزشتہ 20 سالوں میں نمایاں تبدیلیاں آئی ہیں، لیکن حالیہ سرکاری اور نجی سرمایہ کاری، مقامی منصوبہ بندی کی کوششوں اور بنیادی ڈھانچے میں بہتری نے دوبارہ ترقی کو فروغ دینا شروع کر دیا ہے۔ گاؤں موز اور بلیک ریورز پر مرکوز تفریحی سیاحت کے مواقع کو بڑھا کر، اقتصادی ترقی کو فروغ دے کر اور علاقے کی بھرپور تاریخ اور خوبصورتی کا حامل ہو کر ان کوششوں کو آگے بڑھانا چاہتا ہے۔

ویڈنگٹن
ویڈنگٹن کا ڈاؤن ٹاؤن ایک اچھی طرح سے متعین، مستحکم اور چلنے کے قابل کاروباری ضلع ہے جو واحد اور کثیر خاندانی رہائشی ڈھانچوں کے ساتھ جڑا ہوا ہے جس کے ساتھ 19ویں صدی کی لکڑی اور پتھر کی کثیر منزلہ عمارات اور 20 ویں صدی کے مفید فن تعمیر کو دوبارہ ترقی دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ عالمی وباء COVID-19 کی وجہ سے بدلنے والے طرزِ زندگی اور کام کی عادات نے ویڈنگٹن کو ہر عمر کے مکینوں کے لیے ایک پُرکشش مقام بنا دیا ہے، جس کے نتیجے میں سرکاری اور نجی سرمایہ کاری ہوئی ہے جس نے شہر کے اندر معاشی مواقع پیدا کیے ہیں۔ ویڈنگٹن ان سرمایہ کاریوں کو سڑکوں کے مناظر اور وے فائنڈنگ (مقامات کی سمتیں بتانے والے اشارے) کو بہتر بنا کر، مخلوط استعمال کی تاریخی عمارتوں کو دوبارہ تیار کرنے اور شہر کے مرکز کو واٹر فرنٹ سے جوڑنے کی کوشش کرتا ہے۔

سیکریٹری آف سٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا، "نیو یارک کا اندرونِ شہر کی بحالی کا نیا اور اختراعی پروگرام، NY فارورڈ، ہماری ریاست کی چھوٹی چھوٹی آبادیوں کے لیے زیادہ مساوی بحالی کی حمایت کرتا ہے۔ کیپ ونسنٹ، لیونز فالز اور ویڈنگٹن سبھی تاریخی چھوٹے شہر کی دلکشی اور قدرتی وسائل کے حامل ہیں، جن کے ساتھ مستقبل میں ترقی کی صلاحیت وابستہ ہے، جو انہیں NY فارورڈ فنڈنگ حاصل کرنے کے لیے مثالی علاقہ بناتے ہیں۔ میں ہر علاقے کے تزویراتی منصوبوں کو دیکھنے کا منتظر ہوں تاکہ ان شہروں کی مکمل صلاحیتوں کا ادراک کیا جا سکے"۔

ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope knight نے کہا، "نارتھ کنٹری کے پہلے راؤنڈ کے NY فارورڈ وصول کنندگان کے طور پر، کیپ ونسنٹ، لیونز فالز اور ویڈنگٹن گاؤں ان چھوٹے اور دیہی علاقوں کی خوبصورتی اور دلکشی کی نمائندگی کرتے ہیں جو انہیں رہنے، کام کرنے اور دیکھنے کی شاندار جگہیں بناتے ہیں۔ مقامی افراد کی زیرِ قیادت تزویراتی منصوبے ایسے منصوبوں کی قیادت کریں گے جن کا مقصد دیہاتوں کی اقتصادی صحت اور پُررونق ہونے کو بڑھانا ہے، اس چیز کا تحفظ کرتے ہوئے جو انہیں منفرد بناتی ہے"۔

نارتھ کنٹری کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے شریک چیئرمین James McKenna نے کہا، "کونسل کی جانب سے، NY فارورڈ پروگرام کے ذریعے چھوٹے علاقوں کی مدد کرنے پر گورنر Hochul کا شکریہ۔ NY

فارورڈ پروگرام کے ذریعے، کیپ ونسنٹ، لیونز فالز اور ویڈنگٹن کو دی جانے والی فنڈنگ کے ذریعے سہارا دیئے گئے منصوبے نئی سرمایہ کاری اور نمو کو متحرک کریں گے، اور مزید علاقائی اقتصادی ترقی کو جنم دیں گے"۔

ریاستی سینیٹر Dan Stec نے کہا، "ویڈنگٹن ایک ایسا قصبہ ہے جس میں مزید نمو اور ترقی کے لیے بہت زیادہ امکانات اور مواقع موجود ہیں۔ آج اعلان کردہ NY فارورڈ فنڈنگ علاقے کو اپنی عوامی جگہوں کو مضبوط بنانے اور اپنی مقامی معیشت کو فروغ دینے میں مدد دے گی۔ اس کا ویڈنگٹن کے خاندانوں اور کاروباروں پر یکساں مثبت اثر پڑے گا"۔

رکنِ اسمبلی Scott Gray نے کہا، "یہ خوش آئند خبر ہے کہ کیپ ونسنٹ اور ویڈنگٹن کے دیہات دونوں NY فارورڈ پروگرام سے فنڈنگ حاصل کریں گے۔ میں دونوں دیہات کی مستقبل کی خوشحالی کو یقینی بنانے میں مدد کرنے کے لیے احیاء کے ان منصوبوں کے لیے درکار کسی بھی مدد کی پیشکش کے لیے ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ اور مقامی منتخب عہدیداروں کے ساتھ کام کرنے کا منتظر ہوں"۔

رکنِ اسمبلی Ken Blankenbush نے کہا، "لیونز فالز گاؤں کو اس NY فارورڈ فنڈنگ سے بہت فائدہ ہو گا۔ یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے چھوٹے دیہی علاقوں پر اتنی ہی توجہ دیں جیسے ہم بڑے شہروں پر دیتے ہیں۔ میں لیونز فالز میں بحالی کے منصوبوں اور وہ اس کی مسلسل کامیابی میں کس طرح مدد کریں گے، کو دیکھنے کا منتظر ہوں"۔

ویڈنگٹن کے میئر Mike Zagrobelny نے کہا، "NY فارورڈ ایوارڈ ویڈنگٹن کے لیے ایک کایا پلٹ منصوبہ ثابت ہو گا، اور اس ناقابلِ یقین کام پر استوار ہو گا جو مقامی مکینوں اور کاروباری مالکان نے برسوں سے کیا ہے۔
ویڈنگٹن کے میئر کے طور پر، میں ناصرف ویڈنگٹن بلکہ پورے نارتھ کنٹری میں معیشت کی تعمیرِ نو اور مضبوط کرنے کے لیے ان کے واضح عزم کے لیے گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں۔ ہماری کامیاب درخواست مقامی رہائشیوں کی چھوٹی سی کمیٹی کی محنت کے بغیر ممکن نہیں تھی جس نے مسودہ تیار کیا۔ علاقے کے ساتھ ان کی وابستگی، اختراعی سوچ، اور اس درخواست کو مکمل کرنے میں تعاون پر مبنی کام اس سخاوت اور رضاکارانہ کام کی صرف ایک مثال ہے جو ویڈنگٹن کو ایک خاص مقام بناتی ہے۔ ویڈنگٹن کے ماضی اور حال کے مکینوں اور مہمانوں نے طویل عرصے سے ویڈنگٹن کو دریائے سینٹ لارنس کے پوشیدہ جوہر کے طور پر تسلیم کیا ہے۔ گورنر Hochul کے NY فارورڈ پروگرام کو تسلیم کرنے اور اس کی حمایت کرنے کا شکریہ، ویڈنگٹن اور بھی چمکتا جاری رکھے گا"۔

ویلیج آف کیپ ونسنٹ کے میئر Jerry Golden نے کہا، "کیپ ونسنٹ کے لیے اس سال نیو یارک فارورڈ کی جانب سے ایک ایوارڈ سے نوازا جانا بہت ہی دلچسپ خبر ہے۔ ہم اپنے علاقے میں ناصرف پیسے بلکہ سخت محنت سے بہت زیادہ سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ ہمارے علاقے کو ناصرف اس کے مکینوں بلکہ ان کے لیے بھی خاص بنایا جا سکے جو سال بھر یہاں آتے ہیں۔ ہم سب کمیشن اور گورنر Hochul کے بہت شکرگزار ہیں کہ انہوں نے ہمیں اس ایوارڈ سے نوازا۔ شکریہ۔"

ویلیج آف لیونز فالز کی میئر Donna Dolhof نے کہا، "ہم اپنے چھوٹی سے علاقے میں سرمایہ کاری کے لیے ریاست نیو یارک کے بہت شکرگزار ہیں۔ یہ گرانٹ ہمارے گاؤں کے لیے کایا پلٹ ہے اور ہم اپنے معاشی ترقیاتی منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے ان فنڈز کو استعمال کرنے کے لیے پُرجوش ہیں۔"

نارتھ کنٹری کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے کی کمیونٹیز کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا اور ان کمیونٹیز کی بطور نامزدگی سفارش کرنے سے پہلے ذیل کے معیار پر غور کیا:

- ڈاؤن ٹاؤن کو متعین کردہ حدود کے ساتھ مستحکم ہونا چاہیے؛
- ڈاؤن ٹاؤن مضافات اور اپنے اردگرد کے علاقوں میں پہلے والی یا آئندہ آنے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے قابل ہے؛

- ڈاون ٹاؤن کے اندر، یا اس کے قریب ملازمت میں حالیہ یا آنے والی ترقی ہونی چاہیے جو کارکنوں کو شہر کی طرف راغب کر سکے، دوبارہ ترقی میں مدد دے اور ترقی کو پائیدار بنا سکے؛
- عمر، آمدنی، جنس، شناخت، قابلیت، نقل و حرکت اور ثقافتی پس منظر کی تمام متنوع آبادیوں کے لیے شہر کا مرکز ایک پُرکشش اور قابلِ رہائش علاقہ ہونا چاہیے؛
- بلدیہ کو پہلے سے ہی ایسی پالیسیوں کو اختیار کرنا چاہیے یا اس کے پاس ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے جو معیارِ زندگی اور زندگی میں اضافہ کریں؛
- بلدیہ کو علاقے میں مشغولیت کا ایک کھلا اور مضبوط عمل انجام دینا چاہیے جس کے نتیجے میں اندرونِ شہر کے احیاء کے لیے ایک نصب العین اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست بنے جو ایک تزویراتی سرمایہ کاری منصوبے میں شامل ہو سکتی ہو۔
- میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے پروجیکٹس کی نشاندہی ہو چکی ہے جو NY فارورڈ فنڈز کی سرمایہ کاریوں کے ذریعے قریب المیعاد پروجیکٹس کے نفاذ کے لیے پہلے سے تیار ہوں گے؛ اور
- میونسپلٹی کے پاس پروجیکٹس کی منصوبہ بندی کے عمل اور ان پر عمل درآمد کا نظم کرنے کی مقامی صلاحیت موجود ہے، اس میں میونسپلٹی کے تفویض کردہ پروجیکٹس کے معاہدوں کی نگرانی کرنے کی صلاحیت شامل ہے۔

کیپ ونسنٹ، لائیونز فالز اور ویڈنگٹن اب اپنے ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے لیے اسٹریٹیجک سرمایہ کاری منصوبے تیار کرنے کا عمل شروع کریں گے۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہو گی۔ اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ مقامی اثاثوں اور مواقع کی جانچ کرے گا تاکہ ایسے پروجیکٹس کی نشاندہی کی جا سکے جو ہر کمیونٹی کے نظریے کے مطابق ہوں اور جو عمل درآمد کے لیے تیار ہوں۔ فنڈنگ منتخب کردہ پروجیکٹس کے لیے عطا کی جائے گی جن کے پاس احیائے نو کے فوری آغاز اور طویل مدتی ترقی کے نئے مواقع تخلیق کرنے کی بڑی صلاحیت موجود ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418